© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری دامت برکاتہم کی اہلیہ محترمہ 29/جولائی 2017ء کو طویل علالت کے بعد ملتان میں انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی صالحہ، عابدہ، زاہدہ خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ، ناظم اعلیٰ جناب عبداللطیف خالد چیمہ، پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد مغیرہ، ڈاکٹر عمر فاروق احرار، میاں محمد اویس اور دیگر رہنماؤں نے مولانا عزیز الرحمٰن سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر کی دعا کی ہے۔

★ ڈیرہ اسمٰعیل خان کے معروف عالم دین شیخ الحدیث مولانا عطاء اللہ شاہ کو نامعلوم افراد نے 19/اگست 2017ء کو شہید کر دیا۔

★ خانقاہ دین پور شریف خان پور کے سجادہ نشین حضرت میاں مسعود احمد دین پوری دامت برکاتہم کے فرزند اور مدرسہ صدیقیہ راشدیہ کے مہتمم مولانا زبیر احمد، 21/اگست 2017ء کو اچانک انتقال کر گئے۔

★ مدرسہ دعوۃ الحق ملتان کے مدیر مولوی عطاء اللہ صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

★ مسجد المعمور صادق آباد کے منتظم جناب فضل الرحمٰن کی خوش دامن صاحبہ، انتقال: 30/جولائی 2017ء

★ گجرات میں ہمارے قدیم کرم فرما چودھری محمد ارشد مہدی کی والدہ ماجدہ، انتقال: 3/اگست 2017ء

★ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے کارکنان جناب نعمان محمد چیمہ، جناب اسد محمد چیمہ کے والد ماجد در محمد چیمہ، انتقال: 9/اگست 2017ء

★ چیچہ وطنی کے چک نمبر 11/6 ایل (ہڑپہ) کے رہائشی محمد انور لطیف سراء 12/اگست کو لندن میں انتقال کر گئے مرحوم، اپنے نومسلم بیٹے (سابق قادیانی) محمد حسیب کاشان سراء کی دعوت وتبلیغ سے انتقال سے چند روز پیشتر قادیانیت ترک کر کے حلقہ بگوش اسلام ہوئے تھے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ محمد حسیب کاشان سراء گزشتہ سال (2016) لندن میں قادیانی مذہب کے بارے تحقیق وجستجو کے بعد مسلمان ہو گئے تھے اور مسلسل دعوت وتبلیغ کے عمل سے جڑے ہوئے ہیں۔ اسی اثناء میں ان کا پاکستان آنا ہوا تو چک نمبر 11/6 ایل میں اپنے گھر اور خاندان پر محنت کرنے لگے چنانچہ والد کا دل نرم ہوا اور وہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قادیانیت سے تائب ہو کر مسلمان ہو گئے۔ چند بعد وہ لندن گئے اور وہیں انتقال کر گئے، عبداللطیف خالد چیمہ اور عابد علی (رکن جماعت 11/6 ایل) نے ان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے

★ چیچہ وطنی بلدیہ کے چیئر مین رانا محمد اجمل خاں کے ماموں اور والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 12/33 ایل میں جماعت کے وفادار کارکن ڈاکٹر عبدالرحیم کی اہلیہ محترمہ (احرار احمر کی والدہ ماجدہ) 9/اگست بدھ کو انتقال کر گئیں۔

★ ممتاز محقق اور صاحبِ طرز ادیب جناب شکیل عثمانی 26/اگست 2017ء کو راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ مرحوم ہمارے بزرگ دوست، نہایت مخلص و مہربان، سچے مسلمان اور صالح انسان تھے۔ وہ نقیب ختم نبوت کے مستقل قلمی معاون تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرما کر جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے۔

★ مجلس احرار اسلام لاہور آفس کے میڈیا انچارج مہر محمد اظہر وینس کے والد ماجد مہر منصب علی وینس 24/اگست 2017ء جمعرات کو چناب نگر میں انتقال کر گئے۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔

## دعاءِ صحت

● قائد احرار، ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ گزشتہ دو ماہ سے علیل ہیں

● قدیم احرار کارکن اور انجمن دارالعلوم ختم نبوت جامع مسجد چیچہ وطنی کے صدر سید سراج الدین احمد صدیقی علیل ہے۔ وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور میں ان کا آپریشن ہوا ہے۔

● حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ دو سال سے شدید علیل ہیں

● مدرسہ معمورہ ملتان کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی گزشتہ ایک سال سے شدید علیل ہے

● لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب طویل عرصے سے علیل ہیں

● مجلس احرارِ اسلام ملتان کے سیکرٹری نشر و اشاعت فرحان الحق حقانی شدید علیل ہیں

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعا فرمائیں، اللہ تعالیٰ انہیں شفا کاملہ عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com